## سبق-22

# سونے والے جاگو

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کلیاں | منھ | لہریں | جھُوم | کاروباری | بیوپاری | |
| مزدور | بستہ | مدرسہ | ناشتہ | صبح | خوب | اسلوب |



جاگو ! سونے والو ! جاگو ! — وقت کے کھونے والو جاگو !
باغ میں چڑیاں بول رہی ہیں — کلیاں آنکھیں کھول رہی ہیں
پھول خوشی سے جھوم رہے ہیں — پتّوں کا منھ چوم رہے ہیں
جاگ اٹھے دریا اور نہریں — جاگ اٹھیں موجیں اور لہریں
کاروباری جاگ اٹھے ہیں — سب بیوپاری جاگ اٹھے ہیں

بنیئے اور حلوائی جاگے
بابو جاگے نائی جاگے

منڈی کے مزدور بھی جاگے — دوڑ رہے ہیں پیچھے آگے
ساری دنیا جاگ رہی ہے — کام کی جانب بھاگ رہی ہے

لکھنے پڑھنے والو جاگو
منھ دھو دعا کر ناشتہ کھاؤ
صبح کا سونا خوب نہیں ہے

پھولنے پھلنے والو ! جاگو
بستہ لے کر مدرسہ جاؤ
اچھا یہ اسلوب نہیں ہے

جاگو ! سونے والو ! جاگو !
وقت کے کھونے والو ! جاگو !

## مشق اور سوالات

(1) پڑھیے اور سمجھیے :-

| | |
|---|---|
| کاروباری | کام کرنے والے |
| بیوپاری | تجارت کرنے والے۔ دوکاندار |
| پھولنے پھلنے والو | خوش رہنے والو۔ کامیاب |
| خوب | اچھا۔ ٹھیک |
| اسلوب | طریقہ |
| جانب | طرف |

(2) لکھیے اور سمجھیے :

1- باغ میں چڑیاں کیا کر رہی ہیں ؟
2- کلیوں کے بارے میں شاعر نے کیا بات کہی ہے ؟
3- شاعر نے پھول کے بارے میں کیا کہا ہے ؟
4- ساری دنیا کے لوگ کس کی جانب بھاگ رہے ہیں ؟
5- لکھنے پڑھنے والے صبح اٹھ کر کیا کریں گے ؟
6- شاعر نے کس کس کے جاگنے کا ذکر کیا ہے ؟

(3) جملوں کے آگے ✓ x کا نشان لگایئے:-

1- منہ دھو دھا کر اسکول جاؤ۔

2- صبح کا سونا خوب نہیں۔

3- دفتر جانے والے جاگے۔

4- بستہ لے کر گھر جاؤ۔

5- جاگ اٹھے دریا اور نہریں

(4) کیا کہتے ہیں؟

مٹھائی بنانے والے کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بال کاٹنے والے کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکول میں پڑھنے والے کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکول میں پڑھانے والے کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کھیتوں میں کام کرنے والے کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(5) عملی کام:

- نظم کے پہلے 4 شعر زبانی یاد کیجئے اور کاپی پر خوش خط لکھیے۔
- کاپی پر سورج کی تصویر بنایئے اور رنگ بھریے۔
- نہر۔ باغ۔ پیڑ اور پھول کی تصویر بنایئے۔
- اسکول جانے کے لئے تیار بچّے کی تصویر تلاش کر کے چپکایئے۔